خُداوند کی راہ تیار کرو

خداوند یسوع مسیح نے یوحنا اصطباغی کو تمام نبیوں سے بڑا اقرار دیتے ہوئے کہا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو عورتوں سے پیدا ہوئے اُن میں یوحنا اصطباغی سے بڑا کوئی نہیں ہوا۔ یوحنا بپتسمہ دینے والے کو یہ بلند رُتبہ اور مقام یسوع نے اس لئے دیا کیونکہ دیگر نبیوں نے تو صرف خدا کے لوگوں کو مسیحا کے آنے کی خبر دی جبکہ یوحنا نے نا صرف نجات دہندہ کی آمد کے لیے لوگوں کو توبہ کا بپتسمہ دے کر تیار کیا۔ بلکہ اُس نے اپنی ماں کے بطن میں اُچھل کر خوشی کے ساتھ اُس کا استقبال بھی کیا۔ اس کے علاوہ یوحنا اصطباغی نے اپنی تبلیغ میں بنی اسرائیل کو دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پکارنے والے کی آواز بیابان میں خداوند کی راہ کو تیار کرو اور اُس کی شاہرہ کو سیدھا بناؤ۔ نیز یہ بھی کہا کہ میں تمہیں پانی سے بپتسمہ دیتا ہوں مگر مجھ سے بھی قوی تر آنے والا ہے۔ جس کی جوتی کا تسمہ کھولنے کے بھی میں لائق نہیں۔ وہ تمہیں روح القدس اور آگ سے بپتسمہ دے گا۔ آنے والا مسیحا جب بڑے انتظار اور اُمید کے ساتھ ظاہر ہوا تو صرف نبیوں میں سے یوحنا اصطباغی کو یہ استحقاق حاصل ہوا کہ وہ جس کا اُس نے اعلان کیا حقیقت میں اسے اپنے سامنے دیکھ کر دوسروں کو بھی آگاہ کر سکے کہ دیکھو خدا کا برہ۔

یوحنا اصطباغی کی یہ پکار کہ خداوند کی راہ کو تیار کرو کئی سال پرانی اور قدیم ایام کے لوگوں کے لیے تو تھی ہی لیکن ہمارے لیے بھی ہے بالخصوص جب ہم آمد کے موسم کا آغاز کر رہے ہیں۔ یہ موسم دعوت دیتا ہے کہ ہم یوحنا اصطباغی کی آواز پر کان لگائیں اور خداوند کی راہ کو تیار کریں۔ اس لیے آمد کی تیاری کرنا بے حد ضروری ہے کیونکہ یوحنا اصطباغی بھی ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم توبہ کریں یعنی اپنی سوچ، رویے، اعمال اور کردار کو بدلیں۔

تا کہ آمد کے اس بابرکت موسم میں اپنی زندگی کو تبدیلی کے راستے پر گامزن کرنے کا ایک بہترین موقع دے سکیں۔

تو آئیں ہم اس موقع سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں کیونکہ آسمان کی بادشاہی نزدیک ہے نیز آمد کے موسم کے دوران یوحنا اصطباغی کے اِن الفاظ خداوند کی راہ کو تیار کرو پر دھیان کرتے ہوئے مسیح کے لیے اپنے آپ کو مکمل طور پر تیار کریں۔ تا کہ پاک دلوں کے ساتھ مسیحا کو اپنے دلوں کی چرنی میں خوش آمدید کہنے کے قابل بنیں۔ آمد کا موسم بہت بہت مبارک ہو!